تبصرہ

اسلامی نظمیں صفحات ۷۲، قیمت ۱۰ر | وطنی نظمیں۔ صفحات ۸۸ قیمت ۱۳ر
از جناب شفیع الدین صاحب نیرؔ تقطیع خورد کتابت وطباعت عمدہ پتہ۔ حالی پبلشنگ ہاؤس دہلی۔

نیرؔ صاحب بچوں اور بچیوں کے کامیاب شاعر کی حیثیت سے اب اس قدر مشہور ہو گئے ہیں کہ کسی تعارف کے محتاج نہیں رہے پہلی کتاب مصنف کی ۴۴ نظموں کا مجموعہ ہے جو سب کی سب اسلامی یا اخلاقی عنوانات پر لکھی گئی ہیں اور دوسری کتاب میں بھی ۲۴ نظمیں ہیں "صبح وطن" "دریائے گنگا" "ہمالیہ پہاڑ" "ہماری زبان" ہمارے دیس کی برسات" وغیرہ ایسے وطنی عنوانات پر لکھی گئی ہیں۔ ان سب کی زبان نہایت سادہ اور عام فہم۔ انداز بیان بچوں کے دل کو موہ لینے والا اور مضامین اخلاق مذہب، حب وطن اور نیکی وشرافت کا سبق دینے والے ہیں امید ہے ارباب مکاتب بچوں کے نصاب میں ان کو شامل کر کے لائق مصنف کی محنت وکاوش اور ان کی اس خداداد لیاقت کی داد دیں گے۔

معذرت

افسوس ہے کہ گذشتہ مہینہ بھی ایسا ہی ہوا اور اس مرتبہ پھر مقالات کی وجہ سے صفحات میں گنجائش نہ رہنے کے باعث نہ تو ادبیات درج کی جا سکیں اور نہ تبصروں کے لئے گنجائش پیدا ہو سکی جس کے لئے ہم شعرائے کرام اور کتابوں کے پبلشرز سے شرمسار ہیں اور اس کے لئے معذرت کرتے ہیں تاہم قارئین کو اطمینان رکھنا چاہئے کہ آئندہ مہینہ سے ادبیات اور تبصرے دونوں باقاعدہ شائع ہوں گے اور ہم تلافی مافات کی بھی کوشش کریں گے۔

منیجر